مسلم لیگ فنکشنل لاڑکانہ کے صدر جاوید علی مٹھانی اور سندھ ٹی وی کے ڈرامہ ڈائریکٹر منٹھار علی جوکھیو کی رابطہ کمیٹی سے ملاقات

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2007ء

مسلم لیگ فنکشنل ضلع لاڑکانہ کے صدر جاوید علی مٹھانی اور سندھ ٹی وی کے ڈرامہ ڈائریکٹر منٹھار علی جوکھیو نے گزشتہ روز ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو سے عزیز متصل خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن ڈاکٹر عاصم رضا سے ملاقات کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی کے انچارج سلیم تاجک اور دیگر اراکین بھی موجود تھے۔وفد کے ارکان نے رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہے اور ایم کیوایم کے خلاف پھیلائے گئے تمام منفی پروپیگنڈوں کا اثر زائل ہو چکا ہے یہی وجہ ہے کہ ایم کیوایم کا پیغام غریب ومتوسط طبقہ کے عوام میں تیزی سے فروغ پارہا ہے۔ملاقات میں ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال اور مختلف امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور رکن رابطہ کمیٹی ڈاکٹر عاصم رضا نے وفد کی نائن زیرو آمد کا خیرمقدم کیا اور انہیں نائن زیرو کے مختلف شعبہ جات کا دورہ کرایا۔

حق پرست ارکان اسمبلی کی کلفٹن کنٹونمنٹ بورڈ کی افسر محترمہ زینت احمد سے ملاقات

ڈیفنس،کلفٹن اور ملحقہ بستیوں کے عوام کو درپیش مسائل سے آگاہ کیا

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن قومی اسمبلی کیپٹن (ر) سید اخلاق حسین عابدی اور رکن سندھ اسمبلی اختر مہدی بلگرامی نے گزشتہ روز کلفٹن کنٹونمنٹ بورڈ کی افسر محترمہ زینت احمد سے ملاقات کی اور انہیں ڈیفنس،کلفٹن اور ملحقہ بستیوں سے تعلق رکھنے والے عوام کے مسائل سے آگاہ کیا اور عوامی مسائل کے حل پر زور دیا۔اس موقع پر حق پرست ارکان اسمبلی نے گزشتہ سال بارشوں کے باعث علاقے میں نکاسی آب کے پانی کے تدارک کیلئے لائحہ عمل طے کیا اور نجیب ولی کو ہٹائے جانے پر اطمینان کا اظہار کیا۔انہوں نے CCB کے الیکشن جلد کرانے کا مطالبہ بھی کیا تاکہ CCB کے ذریعے عوام کے جائز مسائل حل کرانے میں ہر ممکن مدد کی جاسکے۔ملاقات میں زینت احمد نے دہلی کالونی میں پارک بنانے کا وعدہ کیا اور یہ بھی یقین دلایا کہ آئندہ بارشوں میں نکاسی آب کے کسی مسئلے کا سامنا نہیں کرنا پڑے گا۔انہوں نے کہا کہ دہلی کالونی اور دیگر بستیوں میں عمارتوں کی ریگولرائزیشن کیلئے جلدنئی پالیسی بنائی جائے گی اور علاقوں سے ناجائز تجاوزات ہٹا کر متبادل جگہ فراہم کی جائے گی۔

سینئر صحافی ہمدان امجد علی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔25، اکتوبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے سینئر صحافی، پریس کلب کے سابق سیکریٹری اور روزنامہ جنگ کے ریسرچ اینڈ ریفرنس سیکشن کے انچارج ہمدان امجد علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

☆☆☆☆☆